۳

زبانِ قلم نعت پیغمبر کی ہے — محمد ہی خوش اقبال ہے

رسولِ خدا اشرف الانبیا — وہ پیغمبر ہی شہِ رہنما

ہی معجزہ اس کا شق القمر — پڑھا سنگ نے کلمہ محضر پہ

وہی خاتم الانبیا ہے تمام — علیہ الصلوٰۃ علیہ السلام

در منقبت

سزاوارِ تاجِ نبی ہے علی — علی ہے علی ہے علی ہے علی

وہی لائقِ تختِ شاہجہان — وہی مالکِ ملک و باغِ جنان

وہی وارثِ علمِ خیر البشر — وہی بادشاہِ قضا و قدر

وصیِ نبی جانشینِ رسول — یداللہ خیبر شکن جفتِ بتول

وہی ابنِ عمِ شہِ دو جہان — محمدؐ کا داماد و شیرِ ژیان

محبوں کا بخشندہ و دستگیر — مدار المہام بشر بی نظیر

وزیرِ نبیؐ شوہرِ فاطمہؑ — حسینؑ و حسنؑ کا پدر مہ لقا

شجاع و دلیر و جری صف شکن — سخی و حلیم و غنی خوش سخن

جو گیارہ وصی اس کی ہیں نیکنام — دلا بھیج سب پر درود و سلام

ساقی نامہ و احوال ضعف در قید خانہ

دلا بعدِ حمد اور نعتِ رسولؐ — پس از منقبت لکھہ تو اب اصول

پلا ساقیا وہ مئے سرخ رنگ — کہ ہو نشہ سے جس کی دل کو امنگ

پہچتا کہ انگور سے وہ شراب — جو سونگھے سے آئے بوئے عطر و گلاب

شراب مصفا کا اک جام دے | ذرا دختر رز کو یہ پیغام دے

کہ ہے طالب وصل اک بادہ خوار | ہے جام محبت کا اسکو خمار

اکیلا ہے نہ دانین اک جی پہ مست | شب و روز ہے خوف روز الست

مہینوں سے طالب ہے وصل یار | نہ زندان میں پہنچی نسیم بہار

نہ آتی ہے جان نے نکلتا ہے دم | تحیر ہو گئی رنج سے چشم نم

نہ تسکین کو ہے پرتو آفتاب | تماشے کو آتا نہیں ماہتاب

ہوا بھی جو آتی ہے تو سہمگین | نہ یاور نہ مونس کوئی ہم قرین

رفیقوں نے چھوڑا اکیلا مجھے | بھیون نے کوئین میں ڈھکیلا مجھے

خبر تک نہیں اپنے احوال کی | توقع نہیں کچھ زر و مال کی

عیال اور اطفال لوٹے گئے
جہان مین مری آل لوٹی گئی

کوئی مضطرب ہی کوئی نالہ کش
کوئی پیٹتا ہی تو آتا ہی غش

نفس سرد ٹھہری سی آلہ ہوا
بدن خم غم سے کا نولہ ہوا

جگر جل گیا گرمی رنج سے
تنفر ہوا اکر قلم گنج سے

بدن تار مسطر سے مل مل گیا
کلیجہ مصیبت سے ہل ہل گیا

ہی تنگ ہین بام کو آنکھہ مین
نہ نیند آتی ہی شام کو آنکھہ مین

نہ کھانیکا اسباب ہے کچھہ نصیب
نہ پانی کا ہی کر لب کے قریب

در صفت کرنیل کوینا صاحب بہادر

نگہ مین الطاف صاحب سے واہ
کوینا لقب جنکا ہی خوش کلاہ

وہ کرنیل صاحب سپہر ہنر — کہ ہین ٹون سپہر وہ عالی گہر

خدا رکہی ذات اُس فلک قدر کی — بڑہی عمر و دولت ہی اُس بدر کی

ہوہین ٹٹیان جس کی مجکو نصیب — الٰہی جلین غم سی اُس کی رقیب

ملا کرتی ہی برف بہی آٹہہ سیر — یہہ کیا جان جی ہووی ذرا اسمین دیر

لکین ہین کشادہ عجب بادکش — کہ دل جنکی جہالر پہ کرتا ہی غش

مہیا قلی رات دن کام کو — خدا رکہی کرنیل کے نام کو

صفت ضعف خود در قیدخانہ

دلا کر تو اب حال اپنا بیان — دعا اپنی صاحب کو کر ہر زمان

یہہ احوال اعضا ہی جیسی کباب — نہ زلفون مین بل ہی و پیچ و تاب

نہ پوچھ ہر یک کا وہ ڈھب نہ وہ دل کا حال
ہر اک بال ہی جان تن کو وبال

ہر اک رونگٹا مثل ارّہ ہی تیز
نہ ہی جا ہی ماندن نہ پای گریز

ہر انگلی کا عالم ہی جیسی قلم
گویا تار مسطر سی ہی وہ بہم

یہہ آنکھون کا عالم ہی فوارے ہین
دماغ و جگر رنج کی ماری ہین

جو گرمی سی یہہ لب پیاسی ہوی
تو دندان کہیلین بتاسی ہوی

کلائی کا عالم یہہ ہی کم ہوی
وہ پنجہ جو گل سی کیا خم ہوی

وہ پنجہ جو تہا پنجہ شاہباز
شفیعہ کی خط کی طرح ہی دراز

رگین اسطرح اوسپہ ظاہر ہوئین
رگ گل کی صورت سی باہر ہوئین

یہہ ناخن کی مضمون حاصل ہوی
مہ نو جو تہی بدر کامل ہوی

ہوئی غم سے دبلی ہر اک پور پور
نہیں ہے توانا اُٹھانیکا زور

جو بازو سے کھنے سے برابر ہوئے
ہلالِ مہِ عید گھٹکر ہوئے

بھری بازو تھی جو مری گول گول
نکیں تو نہیں اب وہ کوڑی کی مول

وہ شانے جو تھی آشیانِ ہما
نقاہت سے طوطوں کا ہی گھونسلا

وہ گردن جو تھی صاف شفاف نور سے
زنخدان جو تھی خوشنما حور سے

ہوئی سوکھ کر مثلِ انگشتِ زر
رہی شاخِ رنج و الم پر ثمر

یہ گالوں کا عالم ہوا ہے خو شخصال
ہوئی بدرِ کامل سی گھٹکر ہلال

یہ چینِ جبیں کا قرینہ ہوا
سلیمانی بالکل نگینہ ہوا

لبوں کا نوں کی دو نوں مرجھا گئیں
گلِ تر کی کلیاں تھیں کمہلا گئیں

وہ سینہ جو تھا تختۂ نور سا ۔ وہ مکھڑا جو تھا چشمۂ نور سا

ہوئی اس قدر وہ تو غم سی نحیف ۔ کہین ہین ہان جسطرح سی ضعیف

وہ زانو جو تھی رشک بدر منیر ۔ تو وہ ہوگئی غم سی نان شعیر

کف دست و پا وہ جو شفاف تھی ۔ جو آئینی کی شکل سی صاف تھی

وہ اس درد و غم سی ہوئی ہین ضعیف ۔ کہ وہ دست و پا کی ہین [illegible]

مہینون ہی سی لگ گئی وہ تو پاؤن ۔ نہ چلنی کی صورت نہ پھر سکا دون

ہوا ہی جو آتی ہی اوڑتی ہین ہوش ۔ کہ غم سی بسیرا رہی پابجوش

وہ گرمی کا رخ سامنی کی وہ دھوپ ۔ اوڑاتی ہی ناطاقتی رنگ روپ

در صفت بیت الخلا ہای قیدخانہ

پھر اُسپر غضب چارسنڈا اس ہین
کہ مچھہ و مکھیکی وہ سب پاس ہین

طپش یہہ جو ہوتی ہی برسات کی
یہہ گھٹس جو ہوتی ہی ہر رات کی

اُبھرتی ہی ہر عطر دان کی جو بو
کہ جس طرح مرچون کی ہو تند خو

سلکتا ہی اس سی دماغ ضعیف
ہوا جاتا ہی ور بھی دل نحیف

در صفت حشرات الارض

وہ مچھر وہ مچھر غضب الامان
ہر اک رونگٹی مین ہی جنکی زبان

اٹھا ہاتھہ مچھر ہلانیکو کر
چبھو یا وہین پہلی ہی نیشتر

دو دوڑی بدن مین وہ خارشکا زور
وہ کھٹمل کی الفت کہ جیسی چکور

تمہید

دلا ترک کر اپنے غم کا بیان — سنا اپنی اول سے تو داستان

وہ قصہ سنا جس سے دل دنگ ہو — عقیق یمن سے بھی خوش رنگ ہو

وہ قصہ سنا جس سے آئے توان — مٹے رستم و سام کی داستان

وہ قصہ سنا جو سراسر ہو سچ — نہ اپنی طرف ہو نہ غیروں کی پیچ

وہ قصہ سنا جو گواہی رہے — فقیری میں بھی بادشاہی رہے

وہ قصہ سنا جو بہت ٹھیک ہو — ذرا بھی نہ پھر اوس میں تشکیک ہو

عجب وقت یہہ داستان ہے لکھنے — کہ تھا قید میں بخت بد مختفی

قلم نہ سیاہی نہ کاغذ دوات — کہ نایاب ہو جیسے آب حیات

بس اوس وقت خوش میں کہی داستان — دل و جان کا عالم یہہ تھا الامان

شروع داستانِ انتزاعِ سلطنت و ہجرت

بس اب ترکِ تمہید کر ای جوان
سنا ابتدا سی تو یہ داستان

یہ واجد علی ابنِ امجد علی
سناتا ہی اب داستان رنج کی

کہ جب دس برس سلطنت کو ہوئی
جو طالع تھی بیدار سونے لگی

ہوا حکم جنرل گورنر یہ یار
کرو سلطنت کو خلا ایکبار

جو تہی ملک مین بیٹہتی سہ کروڑ
اسی کی یہ تہی بادشاہی یہ زور

جفاکش کا شاہِ اودہ نام ہی
حکومت کا آخر یہ انجام ہی

جو وہ لاٹ ڈلہوزی اس وقت تھے
مضامین انہون نی یہ خط مین لکھی

رعایا بہت تمسی ناراض ہی — تمہاری ریاست سے بدنام شی

رعایا نہ بھینکے ہرگز تباہ — فقط نام کی تم رہو بادشاہ

مہینہ ہر اک ماہ اک لاکھ کا — ملیکا تمہین کچھ نہین شک ذرا

رزیڈنٹ جنرل اوٹرم جو تھی — اور انکا خط مجکو دیتے گئی

ہوا گھر مین کہرام سنکر یہہ بات — وہ دن دوپہر ہوگئی ساری رات

وہ لائی تھی اسطرح کی ساتھ فوج — کہ جسطرح دریا کی آتی ہی موج

یہان جز اطاعت نہ تھا دل مین پیچ — نہ تھی ایسی دن کی تو ہرگز خبر

یہہ سن بہت اُن دنون تھا علیل — کہا دلنی کیا سوچون اس کی سبیل

علی نقی خان میری تھی زیر — وہی میری ہر حال مین تھی مشیر

مری دل مین آتا تہا ہر دم خیال — جو ہونا تہا وہ ہو چکا کیا ملال

گرو مہر تم راضی نامہ پہ اب — گئی سلطنت تو گئی بی سبب

مگر ساری گہر کی پچہوڑا سے مجہے — دبایا ڈرایا جہنجوڑا سے مجہے

رعایا یہہ سب کہتی تہی واہ واہ — گیا ہمکو اس بادشہ کی تباہ

یہہ جائی جو فریاد کو خوب ہے — یہہ ناحق جو راضی ہو معیوب ہے

علی نقی خان کو دہلا دیا — کہ سب آب طعنہ مین نہلا دیا

کوئی کہتا تہا ہی نمک باحرام — نہین کرتا فریاد یہہ ننگ نام

خصوصاً مرا حال تہا یہہ کیا — کہ پہرہ ہر اک سمت پر تہا کہڑا

جو آجائی کوئی نہتی یہہ مجال — مجہی زندگی ہو گئی تہی وبال

کہ اب میران جی کا مہینہ رقم — کہ جس مین ہوا حکم تہا یہہ علم

ولادت و ہفتم تہی اُس ماہ کی — چھُٹی سلطنت جسمین تجہہ شاہ کی

اکہتر تہی سن بارہ سو پر زیاد — تو میری زبان سی کہہ اب اُسکو یاد

وہ دن پنجشنبہ کا تہا ای عزیز — نہ باقی رہی کچہہ ریاست کی چیز

کہا دل نی آخر کرون کیا سبیل — طبیعت کا یہہ حال ہی ہون علیل

سبہونکی بس آخر یہہ ٹہری صلاح — کرو چلکی فریاد ہی یہہ فلاح

بلا کر عزیزون کو مین نی کہا — کہ رخصت مین ہوتا ہون حافظ خدا

رعایا سی اور تھی جو میری عزیز — ہر اک سی کہا مین نی ای باتمیز

رہی جب تلک میری سایہ مین سب — کرسی کیا پرورش روز و شب

جو کچھ رنج پہونچا ہو ظاہر کرو | دلِ خستہ شہ کو ماہر کرو

سبہون نی کی عرضیان ہی بہی | کہ آخر کئی ہی سبکی یہہ ہو صلے

یہہ جبریل اُٹھ سی مین نی کہا | مین جاؤنگا فریاد کو ہی خدا

رکہونگا مین حج و پیش ملکہ یہہ تاج | اُنہین کا ہی بخشا ہوا مجکو راج

اُنہون نی کہا اِس مین مختار ہو | عجب کیا ہی جو لطفِ سرکار ہو

کہا مین نی لکہا منگا دیجئی | کہ پروانہ مجکو دلا دیجئی

لکہا لاٹ صاحب کو صاحب نی حال | کیا مہر سی پہر نہ ردِّ سوال

غرض بعد دس دن کی مجہہ سی کہا | کہ پروانہ راہداری ملا

دیا جبکہ پروانہ مین نی لیا | تہیّا سفر کا مقرر کیا

اشعار در طلبِ منوّر الدّولہ بہادر مرحوم

وہ احمد علی خان جو تھے ذی کرم
منوّر جو دولہ سے ہووے بہم

تو ہو نام اُس خوش لقب کا عیان
کہا اُس سے مین نے کہ سُن اے جوان

چلے سنکے ہم اس شہر سے اب ضرور
نہ ہے کچھہ ریاست نہ ہے کچھہ غرور

کرین چلکے لندن مین فریاد ہم
کرین پھر کے کشور کو آباد ہم

اُنہون نے کہا خوب یہہ بات ہے
یہہ ناکان بندہ بھی اب ساتھ ہے

لکھے مینے فرمان عُمّال کو
کہ انگریز مین بھیجنا مال کو

کیا مینے سب شہر کا بندوبست
ہوا حوصلہ سب جو انونکا پست

نہ چور و ٹھگ کا ڈر تہا نہ خونی کا شور
غریبون پہ کرتا تہا کوئی زور

رجب کی غرض پانچوین جبکہ آئے | اسی شب مین راہی ہوئی جانِ مائے

لیا ساتھہ مانگو اور اک بہانے کو | کچھہ کام قند ما یا خود اپنی کو

ولیعہد کو بھی لیا ہاتھون ہاتھہ | ہوئین پانچ چہ بیبیان بھی ساتھہ

رجب کی ہوئی پانچوین جبکہ بار | شب پنجشنبہ ہوئی آشکار

کیا بندی نے لکھنو سے سفر | لیا ساتھہ تھوڑا سا کچھہ ماحضر

رجب بھر رہی کانپور مین مقیم | برنڈگی بنگلی مین باخوف و بیم

دکھائی دیا ماہ شعبان کا جب | روانہ ہوئی وہان سے با صد تعب

الہ آباد جو آباد ہے ایک نام | رہی آٹھہ دن اُسمین اے خوشخرام

بنارس مین آکر رہی چودہ روز | وہ راجہ کی کوٹھی مین ہم سینہ سوز

بہت پیش آیا اطاعت کی ساتھہ — اتارا مجھی کوٹھی مین ہاتھون ہاتھہ

وہ مصروف خاطر ہوا اس قدر — فرشتہ بنا کہنی کو تہا بشر

وہان پر دخانی کیا اک جہاز — چڑہی اسپر بعدم ہوی سرفراز

رہی اسپر ہم نشین انیس دن — وہ جاشو تہی اسکو جسطرح جن

دکہائی دیا جبکہ ماہ صیام — تو کلکتہ مین آئی ای نیکنام

جو گنتی تو تاریخ تہی ساتوین — کہ داخل ہوی ہم ملول و حزین

ہراک جا ہماری سلامی ہوئے — جو توپین چلین نیکنامی ہوئے

طبیعت ہوئی یہان یاوہ علیل — نہ لندن مین جانی کی نکلی سبیل

غرض ماہ شوال جب اگیا — یہہ بن علالت سے گہبرا گیا

جو تاریخ اُس کی ہوئی چودہوین — کیا بیٹا مان ہا کی رخصت وہین

کہ تم میری جانب سے لندنکو جاو — جو گذری ہی مجھپر ملک کو سناو

روانہ ہوی تینون لندنکو جب — اکیلا رہا مین یہان باتعب

جو تہین خاص بی بی مری وہ وہین — مگر والدہ میرے لندن گئین

سکندر سی حشمت جو کچھی بہم — مری بہای کا نام ہووی رقم

ہو تہین ملکہ کشور خوش لقب — وہ تہین والدہ میری ای ذی نسب

گفتار در آمدن علی نقی خان و روانہ شدن احمد علی خان

علی نقی خان روانہ ہوے — روان وہ مری سوی خانہ ہوے

چلی قبل احمد علی خان کی وہ — ہوی خم شہ چین اس گلستان کی وہ

یہان لکہنؤ سی مری پاس آئی — مین کہتا تہا آتا انہین اس لیے

ہوئی رخصت احمد علی خان یہان — گئی لکہنؤ کو وہ با عز و شان

ادہر والدہ بہائی راہی ہوئی — وہ لندن سی واقف کہان تہی ہی

ولیعہد بہی پونہچی لندن مین جا — ملائی پہر اسنی نہین مجکو خدا

گفتار در شنیدن خبر بلوای مفسدان و اظہار حال علالت خود و شفا یافتن و جشن غسل صحت نمودن

برس کذرا ہمکو جو اک خوشی سی بسر — یکایک جہان مین اٹہی یہہ خبر

کہ بلوائی کچہہ جمع ہونی لگی — وہ لکہا مقدر کا دہونی لگی

ہوئی خوب برگشتہ انگریزی فوج — امنڈتی ہی جسطرح دریا کی موج

سبب اسکا ہمنی تو تہا یہہ سنا | کہ کچھہ کار تو سو نیہ قصہ ہوا
وہ تہی کاو کی چرم کی کارتوس | اسی پر ہوی تہی یہہ بانگ خروس
ہُہون کیا مین اُن روزون تہا جو علیل | شفا کی نکلتی تہی کچہہ سبیل
وہ صفدر ادی نپ مجکو تہی الامان | سلگتی تہی تالو کی اندر زبان
غرض بعد تبرید پای شفا | نہ طاقت ہی آئی تہی ای مہ لقا
شفا کا جو حمام مین نی کیا | مہینا وہ شوال کا تہا لکہا
ملک سن پلٹ کر بہتر ہوی | کہ ہم تندرست اور بہتر ہوی
ہوین نذر کی گہر مین تیاریان | لگی کہلنی خلعت کی گل کاریان
مری آدمی سب اکہتا ہوی | محل بہی جمع ہی سب وہ یکجا ہوی

ہوا ہر طرف ناچ گانا شروع ‎ درختِ خوشی کی جمی سب فروع

قہاقہہ مچی تھی محل مین تمام ‎ وہ بزمِ طرب تھی نئی جبکہ شام

وہ جلسہ رہا دہوم سی ثلثِ شب ‎ گہڑی چار باقی رہی رات جب

تو سو سو رہی جا کی سب کا بدن ‎ کیا خواب مین وہ چمن کا چمن

مین سوتا تہا غفلت کا جاگا ہوا ‎ مقدر اُدہر مجہ سے بہاگا ہوا

یکایک یہہ غل کان مین آگیا ‎ غضب ہوگیا ہی ستم چھا گیا

گفتار در آمدنِ فوج انگریزی بنا بر گرفتاریِ راقمِ مثنوی

اری دوڑو لله لوگو چلو ‎ اٹہاؤ اٹہاؤ اٹہاؤ اٹہو

اٹہا خواب سی سُنکے آواز مین ‎ جہجک رہگیا دیکہہ انداز مین

جو دیکھا تو لہرٹی ہی انگریزی فوج ‎ ‎ چلی آتی ہی جیسی دریا کی موج

کوئی کہتا ہی اب اُڑا دینگی یہہ ‎ ‎ کہ سب موچی کہولا کرا دینگی یہہ

کوئی کہتا ہی ای خدای جہان ‎ ‎ مری آبرو اب تو رکھہ الامان

کہا مین نی کیا شور و غوغا یہہ ہی ‎ ‎ یہہ کون آیا ہی کیسا چرچا یہہ ہی

کوئی بولا کیا کہتی ای بادشاہ ‎ ‎ علی نقی خان ہوی قید آہ

غرض غسل کی مجکو تھی احتیاج ‎ ‎ چلا ہاتھہ سی میرا اسدم مزاج

کہا مین نی اتنا توقف ہو کر ‎ ‎ نہا لون الگ مین ذرا آن کر

سبھون نی کہا غسل کر لیجئی ‎ ‎ جو کرنا ہو وہ بعد پھر کیجئی

وہین پر کیا غسل مینی شتاب ‎ ‎ نہ نکلا مری منہہ سی پھر کچھہ جواب

سکرتر جو تھی لاٹ کے پیشکار
وہ کہنی لگی مجھسی ای شہریار

کہ چلیی مری ساتھہ یہہ حکم ہی
نہ کیجی سوا اسکی اب کوئی شی

کہا مینے کیا وجہ فرمائیی
قصور آپ بندی کا بتلائیی

کہا حکم سرکار ہی یہہ ہوا
کہ کچھہ شبہہ سرکار کو آگیا

جو تھا اڈمنسٹن سکرتر کا نام
مین کرنی لگا اُن سی کر کلام

کہ میرا تو ہرگز نہین ہی قصور
مین جہگڑونسی رہتا ہون خود دور

مفصل تو بتلائیی اسکا حال
مجھی رنج ہی اس سخن سی کمال

کہ مجھہ سی الٰہی ہوئی کیا خطا
ہوی لاٹ صاحب جو مجھپر خفا

انہون نی کہا اتنا معلوم ہی
کہ غیرونکی شرکت کی کچھہ دہوم ہی

مین کہانی لگا روکی قسمین شدید — کہ یہہ افترا وہم سی ہی بعید

دوم یہہ طبیعت بہت ہی علیل — سوای خدا کون ہی اب کفیل

مری گہر یہہ ہو انتظام حضور — نہین کچہی میرا ثابت قصور

نہ مانا انہون نی یہہ میرا پیام — کہا کچہہ نہین ہی دلایل سی کام

چلینکی جو ہمراہ فرمائی — جنہین ساتہہ لینا ہو بتلائی

وہان جمع تہی میری ساری رفیق — کہا مینی ہین یہہ ہماری رفیق

چلینگی یہہ سب ساتہہ لکہہ لیجی نام — وہ کرنی لگی اسطرحسی کلام

سوا آٹہہ لوگونکی ہو وی نہ اور — انہین ناموں مین کیجی آپ غور

مجاہد کو دولہ سی کیجی بہم — تو ہو نام اس خوش لقب کا رقم

پهپا هین یهه میری عجب ذی کرم ‏— وه آکر هوی مجهسی اسدم بهم

وه یانت سی دوله اکر آ ملی ‏— قلم بام خوش اس جوان کا لکهی

جوان تها وه بی مثل رنگی نژاد ‏— وه کاڑکی پهچی چڑها خوش نهاد

سکر تر پهپا هین فرنگی جوان ‏— هوی ایک کاڑی مین جلوه کنان

قلی ته وه جو دروازهٔ قلعه تها ‏— اُتارا وهان مجکو باصد بکا

مین اترا وهان درد و غمکی قرین ‏— ملول و مفکر الم مین حزین

جو کلکته کی قلعه مین هین رها ‏— تو ان لوکون نی ساتهه میرا دیا

مین یک اک کی ظاهر کرون تجهسی نام ‏— مری قیدخانه مین آئی جو کام

اسامی همراهیان که در زندان تهی یکشن

برای خدمتگذاری تتمۃ التاریخ حاضر مدند

مجاہد دیانت سوم ذو الفقار — چہارم ہوی فتح دولہ شعار

جو دولت کی ہین مہتمم پانچوین — ہوا یہہ مقرر کہ ہمرہ رہین

چلی آی پانچون ضعیف و نزار — مری ساتہہ تہی قید مین بیقرار

احوال طبیب الدولہ و گریختنش از زندان

مقدم ہو دولہ پہ لفظ طبیب — تو ہو نام لکہنا قلم کو نصیب

مری نبض کہتا تہا دہ ہاتہہ مین — پہنسا وہ جوان بہی مری ساتہہ مین

عجب حال ہو ہو گیا اسکا ہای — یہہ اک دن مین بولا خدا اب بچای

بہشت مین منت بہی کی اور کہا — مری ساتہہ سی ہوگا رضی خدا

برس بیس تھے جھلو پالا ہی یار ۳۰ ‏ پچھوڑا اب مرا ساتھ تھہ پیہار

نہ مانا مرا کوئی اس نی کلام ‏ روانہ ہوا گھر کو وہ نیکنام

در ذکر کاظم علی سوار

سواروں مین تھی ایک کاظم علی ‏ رہی وہ مری ساتھ قلعہ مین بھی

ذکر باقر علی و محمد جان چوبداران حیدر خان کول تردان

وہ باقر علی اور حیدر خان ‏ بلاؤن اگر مین محمد سے جان

تھے ہو نام اک اور کا آشنا ‏ کولدار اک ان مین چوبدار

وہ باقر محمد تھے بین چوبدار ‏ کولدار حیدر خان شلی یار

ذکر جمال الدین چپراسی

مقدم کرو دین پہ لفظِ جمال	تو ہو لطف اس نام کا بھی کمال
یہہ چہرا سی تھا اب ہوا جان نثار	عجب ہی دور نکی لیل و نہار

کیفیت حالِ شیخ امام علی حقہ بردار

علی سی جو پہلی ہو لفظ امام	تو ہو نام اک اور اخوش مقام
یہہ ہی حقہ بردار میرا قدیم	ہوا جان نثار اب بلطفِ کریم

حالِ امیر بیگ خواص

کرون بیگ پر کر مقدم امیر	تو اک نام خوش او رہو دلپذیر
خواصون مین ہی یہہ ممتاز تہا	جو اب جان نثارون مین حاضر ہوا

حالِ ولی محمد بولدان بردار

ولیؔ محمد بہی ہی اک جوان — مشدد دہنین ما یہیہ ای مہربان

بمجبوری کی یا مشدد بیان — کرون اسکی خدمتکی بہی شرح بیان

اٹہاتا تہا وہ بولدان لاکلام — ہوا ساتہہ دیکر بہت نیکنام

حال محمد شیر خان کوله انداز

کرون کر ہو خبر محمد سی شیر — تو ہو نام لینی مین ہرگز نہ دیر

وہ تہا توپخانی مین یی جو ان — وہ تہا کولا انداز وہین خوش بیان

ہوا میرکے ہمراہ وہ بہی اسیر — بنا قید خانی مین وہ دستگیر

ذکرِ عبد الرزاق آرامِ گوش ملازمِ نوساکن بنگالہ

اور اک عبد رزاق تہا بامزا — وہ بنگالی ہی مین تہا نوکر ہوا

یہان قید خانی مین ہمرہ ہوا	۳۳	وہ تہا کان کی دیکہنی مین رہا

ذکر کریم بخش اکبش یعنی ساقی و مخفف

آن سقہ ملازم قدیم راقم الحروف الاشعار

مقدم کرون بخش پر کریم	بالطف نبی و خدای علیم
زمانہ ہو سقے سی ماہر ابہی	تو ہو نام اسکا بہی ظاہر ابہی
کریگا جہان اسپہ تحسین عام	دیا ساتہہ سقی نی تہا نیکنام

ذکر حاجی قادر بخش کہار انکشت بردار

رہا ساتہہ بندی کی لیل و نہا	اور اک حاجی بہی قوم کا تہا کہا

ذکر امامی کاڑی پونچہہ قدیم

مقدم کرون خان پہ لفظ امام ۔۔۔ تو پھر ایک ہو نام ای نیکنام

وہ تھا کاڑی پوچھو نہین تو کرا ۔۔۔ مرا ساتھہ اس قید مین جی دیا

ذکر میر نواب مصاحب مجاہد الدولہ بہادر

یہ مین عنایات رب قدیر ۔۔۔ مقدم ہو نواب پر لفظ میر

تو ایک نام خوش اور انہو شکا ۔۔۔ یہہ سررشتہ اسکا بھی بتلاؤن یار

پھوپھا کا مصاحب تھا ہمرہ ہوا ۔۔۔ یہان آن کر ساتھہ انکا دیا

ذکر داروغہ احسن السلطان خان صاحب بہادر

مقدم ہو سلطان پہ احسن اگر ۔۔۔ تو ہو نام ان کا ای خوش سیر

وہ کہانا پکانیکو ہمرہ ہوئے ۔۔۔ مری ساتھہ زندان مین بھی وہ رہے

ذکر کربلائی آبخاصہ بردار زنگلہ

دوم ایک زن کربلائی تھا نام
رہی میری ہمراہ وہ خوش خرم

پلاتی تھی پانی مجھے صبح و شام
رہی جب تلک تھی بہت نیکنام

ذکر زن پاندار

سوم نی جسنے تھی اک مہ لقا
انہون نی بھی مدائین پاؤن دہرا

گلوری وہ مجھکو کھلاتی ہی و نہ
بدل مجھپہ سنتی وہ سینہ سونہ

ذکر محمدی خانم پوشاک دوز

محمد کہون پاکی ہمراہ جب
تو پھر لفظ خانم ہوامی ذی نسب

دیا تھا تحصہ اُس مہ لقا نی مرا
یہہ پوشاک وزی مین ہی خوشنما

تہہ تہی بس بان سو پر قسم | ہوئی داخل قید خانہ جو ہم

قلی باب دروان ہی قلعہ کا | یہہ بندہ وہان آٹھہ دن تک رہا

جو یہان ہین کنک صاحب نیکنام | ہین دلہوسی صاحب کی قائم مقام

وہان لاٹ صاحب نے بھجوایا خط | بہت خوشنما اور بہت خوش نمط

سناؤں مین اس خط کی مضمون کو | لکہا تہا مجھی لاٹ صاحب نے جو

نقل محبت نامہ فرستادہ لاٹ کنک صاحب بہادر خلد اللہ ملکہ

یہہ مضمون تہا اسمین سراسر لکہا | محل اب نہایت ہی افسوس کا

یہہ مخلص بہت اس مین مجبور ہی | یہہ ساری زمانی مین مشہور ہی

وہ مفسد جو پہرتی ہین بی انصرام | وہ لیتی ہین اس پاک طینت کا نام

یہہ کونسل کی تجویز مین آگیا ۔ کہ مسکن ہو چینسرہ یہان اپکا

کرین آپ تبدیل چندی مکان ۔ کہ ہو بند یہہ باب فتنہ نہان

یہان آپ کلکتہ مین جبسی آگئے ۔ نہ کچہہ رنج و غم ہمسی حضرت نی پائے

مع نوکرون آپ مختار تہے ۔ نہ زندان کی ہرگز سزاوار تہے

نہ انکا عزت مین حضرت کے فرق ۔ رہیگی چمک باتین مثل برق

کہ ہمسی بہی اور افسرونسی ذرا ۔ کبہی آبرو مین نہ ہوگی خطا

یقین خوب اس بات کا کیجئے ۔ کہ خواہان نہین ہین ہم اس امر کی

کرین ہی ضرور آپکا بندوبست ۔ بڑہی حوصلی کو کرینگی نہ پست

نہ کچہہ خانگی امر مین دخل ہے ۔ سوائی ضرورت نہین اور شے

ضروری جو اسباب ہوویگا وہ سب ۳۸ مہیا رہینگا نہیں فکر و غور

جو کچھ حسبِ امکان ہیں آئیگا سبکسر گور زر دہ دل جائیگا

جواب محبت نامہ نواب گورنر بہادر

جواب اسکا میں نی لکھا آپکا یہہ بندہ تو ایسا نہیں ہی

قسم مجھکو ہے روح رسول کی نہیں ہی مرا مقصد و نہیں حصول

میرا بیٹا یا بھائی بھی ہو اگر یہہ بیٹیں نہوئیں سبی ہرگز خبر

قسم اپنی ایمانکی ای جناب بہ قرآن بروح رسالتمآب

میں آگاہ اس شی سی ہرگز نہیں یہہ بہتان ہی اسکی کہیں کا کہیں

گذر جائینگی چند دن یوں اگر نہ پھر جان سی ہوگی اچھی خوشی

مجھی حکم ہو اپنی گھر مین ہون — جواب اطاعت جو دیتا ہی وون

جہان مین ہون گا ثنا خوان ہن — مگر قید غم مین پریشان ہون

نہ آیا مگر میری خط کا جواب — نہ مجھسی کیا پھر کسی نی خطاب

احوال تبدیل شدن زندان

رہی جب قلی باب مین اٹھہ روز — ہوئی آتش رنج و غم سینہ سوز

جو کوٹھی ہی ایک قلعہ کی بیچ مین — یہہ تجویز ٹھہری وہان پر رہین

غرض ہمکو لائی اٹھا کر جہان — فلک الامان الامان الامان

کوئی آنکھہ ہمسی ملاتا نہین — پرندا نور تک بہی آتا نہین

ہوئی بند در قید خانی کی جب — لکھون کیا جو گذرا ستم اور غضب

کلیجہ جو امونہہ کو آآگیا ۔ رکا دم جو سینہ مین گہبراگیا
زن و مرد تہین جتنی میری ساتہہ ۔ اُنہین لائی کوٹہی مین سب بانہون ہاتہہ

در صفتِ مجاہد الدولہ مرزا زین العابدین خان بہادر شوہرِ ہمشیرِ والدۂ بندہ

پہوپہا میری نواب الاحتشم ۔ نہایت مین محسن بڑی ذی کرم
یہہ کہتی تہی وہ ہاتہہ مین لیکی تیغ ۔ نہین تمسی جان اپنی مجہکو دریغ
اگر حکم ہو لالہ گون رنگ ہو ۔ کہا مینی موقوف یہہ جنگ ہو
مین ہون بیگمہ میری شرکت ہے ۔ مصیبت پڑے پر بہی طاعت رہی

شعر در ذکر دیانت الدولہ متدین الملک

محمد معتمد علیخان بہادر امانت جنگ کمیدان پلٹن احمری

دیانت بہی اسطرح سی تہا پیر | کہ جسطرح پروانہ ہو شمع پر

ذکر فتح الدولہ بہادر مرحوم بخشی الملک
رسالہ دار رسالۂ ہمیشہ شاہی و استاد بندہ

ضعیفی مین تہا فتح دولہ کا حال | چراغ سحر کیطرح تہی نڈہال

کہا مینی ہر چند تم ہو ضعیف | نہ اٹہینگا تمسی یہہ بارِ عنیف

انہون نی کہا مین تو ہون جان نثار | فدا تم پہ ہم ایسی ستر ہزار

مری تن مین جب تک ہی جان باشاہ | نچھوڑونگا تمکو خدا ہی گواہ

گفتار در انتقال نمودن فتح الدولہ بہادر مرحوم در قلعۂ ولیم فورٹ

صفر کی مہینی میں وہ مر گئی — جو کہتی تھی مونہہ سی وہی کر گئی

وہ تھی بہشت و ہشتم صفر کی سبین — ہوئی فتح دولہ جو جنت نشین

گفتار در رنج خود بہ فرقت فتح الدولہ مرحوم

کلیجہ مصیبت سی ہلنے لگا — جگر خار فرقت سی چھلنے لگا

ہوا قید خانہ نہیں غمگین میں اور — مصیبت کے پیدا ہیں ظاہر آئی طور

ہوئی سن جو پہ تر بین یہہ واردات — دہن سی نہ نکلی مری ایک بات

کیا صبر میں نی کلیجی کو تھام — جو تپ نی کیا کام اُنکا تمام

ذکر محتشم الدولہ بہادر برادر خرد فتح الدولہ بہادر کمیدان جعفری پلٹن مصاحب راقم الحروف

غرض بہائی اُنکی جو تھی دوسرے — رہی مہتمم لفظِ دولہ سے ملے

تو ہو نام اُسکا اسے ہے آشکار — بیاں آگی بھی کر گیا ہو سخن یا

وہ پروانہ آسا فدا جسپہ تھا — فدا دل سے وہ باوفا جسپہ تھا

یہی قول تھا جب تلک جان ہے — یہہ تن فدا اسپہ ہر آن ہے

وہ رہتی تھی بی وسوسہ خوش شغل — نہ تھا چشم و ابرو پہ ذرہ بھی بل

گفتار در ذکر حالِ ذوالفقار الدولہ سید محمد سجاد علیخان بہادر رسالہ دار رسالہ میسرہ شاہی اور ملکہ محذرت افسر النسا نواب نشاط محل صاحبہ اللخانہ راقم الحروف مصنف مثنوی ہذا

بہم لفظِ دولہ سے ہو ذوالفقار — تو ہو نام اک اور کا آشکار

وہ سالی ہین میری نہین اِنسے شکیب ‏ ‏ مری ساتہہ ہین قید خانی تلک

فدا رہتی ہین مجہہ پہ پروانہ وار ‏ ‏ نہ آیا کبہی اُنکی دل پر غبار

مری نام پر ہین فدا جان سی ‏ ‏ مجہی رکہتی ہین وہ سوا جان سی

اسیطرح سی اور سب ہین نثار ‏ ‏ خدا کی قسم کچہہ نہین جہوٹ یار

زن و مرد ہمراہی ہین سب فدا ‏ ‏ بڑا حوصلہ ہے بڑا حوصلہ

رخصت شدن و اجازت طلبیدن ویانت الدولہ برای زیارت عتبات عالیات و حاصل نشدن حکم توسل و بالاخرہ رقم راناراض نمودہ از قلعہ بدر شدن

ویانت کا دل جبکہ گہبرا گیا ‏ ‏ تو قصد زیارت وہین آگیا

بہت روپیا مینی جسنی کمایا
مگر حکم کونسل نہ حاصل ہوا

اسی طرح سی تھا ہری پاس وہ
زیارت کی رکھتا تھا پر آس وہ

نکلنی پہ ایسا تھا وہ لوٹ پوٹ
لکھی تیا تھا مال اسباب لوٹ

نہ انگریزی مین وہ ہوا پر قبول
نکالا گیا مجھکو کرکی ملول

ذکر دیوانہ ساختن معتمد الدولہ خود را وازین حیلہ بدر شدن از قلعہ

سن اس معتمد کا بہی اب حال تو
کہ دیوانہ وہ بنگیا نیک خو

لگا کرنی بیہودہ مار پیٹ
بنا تھا پاگل سی وہ خوب ٹھیٹ

نہ تہی اسکو بہی خبر کیا
ہنسی وہ تو اب بہی کہولی مین جا

پیالہ لبالب منگا دی مجھی — مے رنج سی اب چھکا دی مجھی

تڑپ برق کی ہو گئی تھا کا ہو زور — چمن میں ہو کچھ عندلیبوں کا شور

بتا پوچھتی آئین رند جہان — کہاں ہیں کہاں ہیں کہاں ہیں کہاں

ہر ایک قید خانی کا دست ہو — محافظ ہر ایک فتنہ سی پست ہو

بنی ہر کڑی سقف کی اژدہا — ہر اک در ہو غم سی نہنگ بلا

ہر اک در ہوا اژدرِ زمین کو غم — جمیں سجیں تو نہ اٹھیں قدم

یہہ قیدی ہوا بند جب بیگناہ — تو کی پہری والوں نی حالت تباہ

خصوص ایکشب آنکھہ میری لگی — نہ تھی نیند تھی بلکہ وہ اک غشی

کہ اک صاحب آ کر زبان پر یہہ لائی — خداوند کلمی و پہر سنائی

جو کچھ جمیں آیا جھی بک گئی / یہان تک بکی آخرش تھک گئی

کبھی کہتی تھی یہہ ہی آجہ ہی واہ / ارے بلکی اسکو کرو سب تباہ

مری پاپا او رمیم ماری گئے / عزیز اس جہان سی ہماری گئے

کرو ایسے آجہ کی گردن حلال / بکھیرا ہی جائی مٹی یہہ بال

یہہ سن تو سوتا رہا صبح تک / کلیجہ گیا اسکے باتون سی پک

کہا میں نے کرنیل صاحب سے حال / کہ یہہ ونڈوالون سی کیجی سوال

کیا میں نے سرکار کا کیا قصور / جو یہہ حال ہوتا ہی میرا حضور

وہیں لطف والطاف صاحب سے واہ / ہوئی بند اس دن سی اسکی راہ

کہار ونڈ آئنگی یہان پر شتاب / وہ تہا نشہ میں بک گیا بی سبب

پہر اُس روز سی رو ند آئی نہین — زبان کوئی باتین سنتی نہین

سُنا یہہ کہ موقوف وہ ہوگیا — نصیب ایسی شیخ شوقت کا سو گیا

کیا اُسکے بیٹون نی بھی یہہ سوال — کرو رفع جو کچھہ کہ ہووی ملال

کہا مینی مین کچھہ نہین جانتا — مین ہون حکم کرنیل کو مانتا

بیان شکستن باقر علی چوپدار از زندان محمد شیر خان گولہ انداز و برطرف شدن محمد شیر خان از نوکری و بدر شدن

پلا ساقیا زعفرانی شراب — بہلا دی جو وہ رنگ روی شباب

سُناؤن عجب طرح کی داستان — جو ہو قید خانی مین لطف بیان

محمد جو تھا شیر خان نامور | عجب طرح کا تہا وہ باشور و شر

کبھی سیر کرتا تھا اکون مین شش | کبھی ہستی تہی ہاتہہ مین پاپوش

ہر اک سی وہ لڑتا تہا بدبخت تھا | بہت سخت تھا وہ بہت سخت تھا

کسیکو سمجھتا نہ تھا وہ شریر | امیر اسکے آگی ہوئی تھی فقیر

یہہ اکدن کا تجکو سناؤن مین حال | کہ باقر سی اس سی ہوئی قیل و قال

ہوا پہر تو یہہ شور و شر ناگہان | ہوئی شیر کی سرخ مونہہ مین زبان

سر نوک پہنچی باقر کو آہ | کیا نوک دندان سی اس نی تباہ

کٹی ناک باقر کی اک آن مین | حمیت نہین ہوتی انسان مین

پکڑ سٹی باقر نی جوتی لگائے | یہہ غل قید خانی مین تھا ہائے ہائے

نکالا گیا شیر نازک مزاج ۔ کیا دوسرے قید خانی مین راج
ہوا قید خانی سی جب وہ رہا ۔ دیا مینی بھی نوکری سی چہڑا

گفتار در جای دیگر مقید شدن باقر علی چوبدار و گذاشتن این بندہ ان بسبب حرکت بیجا و ذکر تشدد محافظان

پہر اک جام دی ساقی مہ لقا ۔ مرا جی لگا ہی سناؤن مین ذرا
ذرا تیز کر دی میری فکر کو ۔ پہر اس قہر مین سن مجہسی ہر ذکر کو
یہہ اک تہا ہی گرامی خوش مقام ۔ لکہا مینی کاغذ پہ کچہہ گہر کا کام
وہ نوابصاحب کو مینی دیا ۔ کہ پوشیدہ کہنا اسی خوب سا
مین ہرچند لکہتا نہ تہا کچہہ ذرا ۔ پہو پہا کی مگر حکم سے لکہہ دیا

کہا یہہ بہی رکہنا اسی کر کی بند | نہ ٹوٹی کہین قید مین یہہ کمند

فقط تہا زر و مال کا گہر کی حال | کہ ہو حکم نواب سی صرف مال

وہ کمبخت باقر جو تہا بد سرشت | نہ سمجہا ذرا دل مین وہ خوب و زشت

مین حیران ہون کسطرح سی ای خدا | مری گہر کی آدم کو پرچہ دیا

ملا پہر ہی والی کو پرچہ وہ جب | یہان آیا ہم قیدیون پر غضب

وہ خود تو روانہ ہوا قید مین | یہان جان نہ باقی رہی صید مین

گمان لاٹ صاحب کو بہی یہہ ہوا | یہہ کیون خفیہ مضمون لکہا گیا

حقیقت مین تہی یہہ بجا انکا دہیان | مقدر سے لاکن امان الامان

کرو کچہہ نصیبون سی ہو کچہہ نصیب | بنی اژدہا رنگ روی حبیب

نہ ہرچند تہی اُسمین کچہہ اور باب
بگڑ ہو گئی وہ پہر دن کی رات

وہ باقر بہی اِس سی نکالا گیا
یہان قید خانہ سنبہالا گیا

لگی ہونی تکلیف جیسی سوا
خدا یا خدا ہی خدا ہی خدا

ذکرِ رہا شدن کریم بخش سقہ بسبب عوارض تپ دق و شرح بعضی حالات

وہ سقہ جو تہا وہ بہی راہی ہوا
مریض اسقدر تہا نکالا گیا

زن و مرد سی کم ہوئی سات لوگ
جہی فتح دولہ کا اب بہی ہی سوگ

خدا بخشی اُسکو عجب مرد تہا
فنِ شاعری مین تو وہ فرد تہا

یہہ مین بہی شاگرد اُس ماہ کا
بندہا ہی ہوا وہ لمین اک آہ کا

جہی ڈیرہ سال اس بلا مین ہوا
ہوا قرب وصال ای مہ لقا

نہین حال اندوہگین پوچھتا ابھی تک تو کوئی نہین پوچھتا

دو وقتا تو آتا ہی گھر سی طعام یہہ کیا جان کری آدمی کر کلام

کھلی دیگچی دیکھہ لیتی ہین سب تو پھر پیش بین وہ آتا ہی جب

جو کچھہ حادثی مجھپہ ہو ہو گئے قلم کس زبان سی سنائے اُسی

جو ہین پڑگئین پیش بھی ہی درا جفاؤن سی آتا نہین چرخ باز

دلا چار و ناچار کچھہ چند حال سناؤنگا جس سی ہی مجکو ملال

مگر قید خانی مین لندن کی خط ملا کرتی ہین ہر طرح ہر نمط

یہان سی بھی جاتی ہین اکثر جواب سناؤن تو ہو جائے اُسکی کتاب

ذکر انتقال نمودن عفت مآب عصمت انتساب

۵۵

مریم مکانی بلقیس الزمانی خاتون معظم

ملکہ کشور نواب تاج آرا بیگم صاحبہ جناب عالیہ

متعالیہ ازین دار فانی بسرای جاودانی

والدۂ مصنف مثنوی ہذا اسکنہا اللہ تعالی فی

فرادیس الجنان و حال انتقال برادر عزیز القدر سکندر حشمت

دارا مرتبت صاحب عالم مرزا محمد جواد علی بہادر

طاب ثراہ و جعل الجنۃ مثواہ و ہم خبر رحلت

رافت آرا بیگم مرحومہ بنت مرزا سکندر حشمت

مرحوم و مغفور برادر زادی راقم الحروف

قلم آب سیہ پوش ہو بید رنگ — سیاہی ہے جا رنج و آفت کا رنگ

کر اب اپنی سینہ کو چاک ای قلم — بہا اشک کاغذ پہ وقتِ رقم

کر اب وی کاغذ کو اپدل سیاہ — پہن جامۂ سوگ با اشک و آہ

دہتر لگا اپنی موںہہ پر شتاب — اُٹھا چہرۂ رنج سی اب نقاب

ہر ایک موی سطر اپنا کر تار تار — بنا شاہدِ درد کو غمگسار

پڑی آبِ اندوہ کی دلپہ چھینٹ — لگا سر پہ اب قیدخانیکی اینٹ

کہ اک دفعتاً آیا لندن سی خط — لکھا غم کا مضمون تہا اِس نمط

مقدم رجب پر جو ہوتا ہی ماہ — ہوا اُسمین یہہ واقعہ آہ آہ

مری الن تہین جو عفت مآب — وہ جنت کو راہی ہوئی پُر شتاب

وہ دن مین کا ایسا قیامت ہوا — کہ جہہ دلجلی پر وہ آفت ہوا

نوین تہی جو تاریخ اُس ماہ کی — قیامت بپا ہو گئی آہ کے

رجب کے مہینی مین آیا یہہ خط — کہ پڑہنی سی جسکی ہوا دل غلط

لکہا تہا کہ بہائی نی بہی کی قضا — دہم اُس مہینی کی تہی بد بلا

شب جمعہ راہی عدم کو ہوئی — مری ہو گئی تنگ سب خوش دلی

یہہ پڑہتا یہہ پڑہتا کہ غش کر گیا — یہہ سمجہا کہ مین جیتی جی مر گیا

نوین کو یہہ شعبان کی آیا خط — بہتیجی کا احوال تہا اس نمط

کہ وہ رافت آرا بہتیجی جو تہی — گئی سوی دار البقا دل جلی

لکہون ماہ کا سن مین بصد ویاس — گئی سال تہی پانچ اور پچاس

مری بہائی دنیا مین تھی تیس سال | لحد کی دلہن سی ہوا اب وصال
برس دن کا سن اِن بھتیجی کا تھا | جو اُس دلہن کا جنازہ اُٹہا
رہا سوی ملکِ بقا جھٹپٹا | وہان بیٹی مدفون ہوئی ایکجا
ہوئی دفن دونو بہ ملکِ انس | اودہر ہو گیا میری دل کو ہراس

بیانِ حال عددِ سن مصنفِ مثنوی ہذا و اظہارِ حالِ تولد شدنِ پسر مصنف طال اللہ عمرہٗ از بطنِ حضورِ عالیہ ملکہ اودہ اختر محل صاحبہ

ہوئی بارہ سو پر چوہتر جو سن | اِسی سن مین پہنچی یہ رنج و محن
مری سن کی گذری ہین تینتیس ۳۳ سال | ابہی قید مین رہا ہون بملال

پهر اس قلعہ خانے مین پهونچی خبر
کہ اختر محل سی ہوا ہی پسر

وہ منکوحہ دوم مرتبی بی بی ہی
علی نقی خان کی وہ بیٹی ہی

مُشدّد و نہین یا علی ٹهیک ہی
نقی خان کی ہمراہ ہی خوب شی

بمجبوری یہہ یا مشدّد ہوئی
نہ یون وزنِ اشعار مین آ سکی

اوودہ کی وہ ہی ملکہ نیک نام
وہ گل مثلِ طاؤس ہی خوش خرام

غضب کی ہی چتون غضب کی ہی چال
کہ ٹهوکر سی کبک تک پائمال

گلِ گوش خوشبو مین مثلِ چمن
نزاکت کا پتلا ہی گل پیرہن

چمن عارضِ سرخ سی شرمسار
وہ جوبن ہی گلشن کی جیسی بہار

فدا لالۂ سرخ اُس لال پر
نضارت تصدق ہر اک گال پر

سمن بر عدائے عشوہ و ناز پر
پری کو بھی شک اسکے انداز پر

شرف لے مہ وہی کالی کا پہن
غضب کا بت ہی اور غضب بچپن

در و لعل و گوہر ہیں دندان نہیں
عجب تر یہی ہی نخدان نہیں

جو پیشانی کہوں قمقمی نور کے
تو الماس سی ہاتھ ہیں حور کے

کمر ہی سراب رہ کائنات
ہر اک بات ہی جسطرح ہونہا

سر مو نہیں فرق اس بات میں
کہ بالو لسی دہوکا ہوا رات میں

چمن بستر ن کا ہی رو دو ہان
وہ ہن کب ہی شاعر کو ہی کچھ گمان

سراسر کمر پیچ در پیچ ہی
نشو و نما بہت جب وہ پیچ ہی

کشادہ جبین اختر صبح ہی
وہ ابرو ہر اک خنجر صبح ہی

چمن وہی گلرنگ سی شرمسار
فدا خال عارض پہ مشک تتار

سمن بر سمن وہی گلفام ہی
مہ و خور پری حور بہ نام ہی

کرن جہر تابان کی ہر گال ہی
ہر اک بہون نہین رستم زال ہی

جفاجو نہین تندخو و نہ چین
دہن اسطرح جسطرح انگبین

سرافراز ہی سرو قد سی نہال
وہ الہڑ ہی پی کی غضب چلبلا

وہ مہ پارہ ہی سترہ سال کی
نرالی پھبن پائی ہی چال کی

مگر جبسی والد ہوئی قید آہ
مہینون سی زندان مین ہین تباہ

نہین حال معلوم کیا رنگ ہی
وہ ہیری کا ٹکڑا ہی یا سنگ ہی

اُسی مہ سی طالع ہوا یہہ قمر
نہین ہمکو صورت سے اُسکے خبر

که گورا ہی یا سانولا رنگ ہی — وہ ماں پر ہی یا باپ کا ڈھنگ ہی

پھرائی اگر قید سی کردگار — سناؤنگا وحال ہی مجھکو یاد

دوم ہی وہ نقی آرا ہی اسکا نام — که بعد اسکی ہی لفظ بیگم سی کام

نہیں کہا ابتک پسر کا ہی نام — رکھا کچہہ نہ زینت قمر کا ہی نام

خدایا ہوا اقبال اسکا بلند — مصنف کی سایہ میں ہو ارجمند

حال دیگر صاحبات محل مصنف که از لکھنؤ در کلکته ہمراه راقم الحروف آمده اند و حالا جمله در مٹیابرج ملقب به موچی کھولا مقیم اند و مصنف در زندان به قلعه ولیم فورٹ کلکته و شرح بعض دیگر حالات وغیره

ساقی نامہ

پلا ساقیا وہ مئی با مزا
بہلا دے جو تلخیِ جامِ بلا

لبالب پیالہ ہو خوش رنگ ہو
رقیبوں کو بھی نشۂ بنگ ہو

الٹ کر ندون منہچی کا جواب
بڑہاپی مین پھر آئی میرا شباب

لپک جائی دستِ صراحیِ نور
بنی جامِ مے جامِ کوہِ بلور

اچٹ جائی خوابِ و آرامِ دل
نکل آئی زندان مین بھی کامِ دل

سہرِ قلعہ ہو روی زیبائی یار
مسلسل ہو مضمون ہر اک آبدار

اسامی ہمراہیان کر رقم
جو لائی ہین کلکتہ مین ساتھ ہم

زن و مرد و اہلِ قلم اہلِ فوج
کہ ہو ایک حبشی کی جس طرح موج

کسیطرح تھی پانچسو سی نہ کم ۔ ملازم رفیق اور محل ذی حشم

ولیعہد کی ماں محل خاص ہیں ۔ بلطف و مروت خوش اخلاص ہیں

دوم ملکۂ ملک عالیجناب ۔ وہ جبریل کی والدہ خوش خطاب

محل ہیں وہ معشوق و رزانہ واز ۔ وہ سب مخلوق ہیں ہیں جہان سرفراز

کہ تاج النسا بھی ہی اُس کا نام ۔ سلامت ہی وہ جہان میں مدام

محل تیسرا امیر دلدار ہی ۔ رفاقت کے بالکل سزاوار ہی

رتی محبوبۂ خاص ہی اُسکا نام ۔ پریزاد ہی خندہ رو خوش کلام

سوم اُسکا عاشق نما نام ہی ۔ سزاوار ہی واہ کیا نام ہی

چہارم ہی اک جان جان اُسکا نام ۔ وہ ہی عارضہ مند اب صبح شام

شفا اسکو دی جلد ای کردگار — بصحت رہا مجہسی وہ غمگسا

چہارم بڑی بیگم مہ لقا — بتاؤں خطاب اسکا سنلی ذرا

ملی عاشق اور لقط سلطان بعد — تو ہو نام لکہنا قلم کو بہی سعد

سوم اسکا ممتاز عالم ہی نام — جو یہہ نام ہی اسکا کیا کم ہی نام

چہارم ہی قیصر بہی بیگم کی ساتھ — لکہا نام میں نی بڑی غم کی ساتھ

نہ منکوحہ تہی وہ نہ ممنوعہ تہی — فقط دوستی سی یہاں ان کی ہی

اسی بعد چندی جو آیا خیال — گئی لکہنؤ سیکو دی کربلال

وہین سادرہ یازدہ تہلیان — عدد مین تہی گیارہ ہزار ایجوان

وہ دین اِسلئی تارہی پی پاس — نہ ٹہری ہوئی اِسطرح کی اداس

ہمین چھوڑا زندان مین آہی ہوئی
گئی وہ گئی وہ گئی وہ پری

وہ پنجم خجستہ محل خوش لقب
کہ تہی ساتہہ وہ موچی کہولیمین اب

زیارت سی جب کربلا کی پھری
تو موچی کہولیمین داخل ہوئی

زیارت سی پھر کر ہوئی تھی شہر یکبیک
لکہا مینی احوال سب ٹہیک ٹہیک

چھٹی ایک ممتوعہ کا سن لی نام
قلم کی زبان سی سناؤن کلام

وہ ہی جعفری بیگم مہ لقا
خوش انداز نازک ادا خوشنما

لب سرخ برگ گل گلستان
صدف گوہر صاف کا ہی دہان

وہ دندان تبسم مین درّ عدن
وہ روی گل تر ہی رشک چمن

شگوفہ کہلا ہی لب لعل کا
کہون گیسوی مشک ختن ہی خطا

کرین نسر طائر کو آنکھین شکار — کرون نظم فردوسی رخ پر نثار

سر لام ہی لف زیبای یار — ہر اک تل ہی عارض کا مشک تتار

صباحت پہ رخ کی فدا یاسمن — نضارت پہ صدقی رہی نسترن

کھچین اس طرح ابرووں کی کمان — کہ کشتی کو حاضر ہین دو پہلوان

حباب لب بحر مین چہاتیان — یم وصل مین لہر ہین چہاپتان

سخن کش ہی نازک ادا ماہرو — بڑی جنگ جو ہی غضب تند خو

قیامت ستم قہر ہر بات ہی — وہ شیرین دہن زہر ہر بات ہی

عجب چلبلی ہی و نازک مزاج — پری فرق حوران کہون اسکو تاج

کہلنڈرا پنا ہر سخن مین عیان — وہ اچپل ہی چنچل ہی بانکی جوان

ذرا بھی نہیں ہی متانت کا نام
زبان ایسی جیسی کھنچی ہو حسام

سخن میں درشتی زبان سخت ہے
پئ عاشق نیم جان سخت ہے

پھپھولا بنا ہی جگر ہجر میں
اُسی کچھ نہیں ہی خبر ہجر میں

وہ فرقت سی بندیکی دلشاد ہی
اِدھر بشاہدِ وصل برباد ہی

گلو ہی مقرر جو زندان میں کی
کئی مرتبہ آکی دم رک گئے

کبھی کہتی ہی ہاتھ میں درد ہی
غرض مکر و حیلہ میں وہ فرد ہے

کبھی غش ہی ہسی کبھی برخلاف
کبھی گرد آئینہ پر گاہ صاف

کبھی لکھنؤ کا وہ کرتی ہی قصد
کبھی کہتی ہی ہی جنون کبھو لو قصد

کبھی کہتی ہی کربلا جاؤن گی
چھپون گی نہ میں برملا جاؤن گی

کرائیکا وہ ڈہونڈتی ہی مکان ۔ کبھی کہتی ہی مجھکو بلواؤ یہان

ہزارون پہ ہوتا ہی جب فیصلا ۔ تو پھر راضی ہوتی ہی وہ باوفا

کبھی چھہ ہزار اور کبھی اک ہزار ۔ وہ لیتی ہی مجھسی ہر اک طرح یار

عجب مخمصی مین ہین اس زفتنی مین ۔ ڈرا قید خانی مین رہتی ہین

ملال اسکا آتا ہی ہر دم مجھی ۔ یہ مجھکو نہ اس قید مین چھوڑ دے

تو الفت مین اُسکی رہونگا تباہ ۔ تھمیگی نہ زندان مین الفت کی آہ

تڑپ کر غم مہ مین جان جائیگی ۔ وہ پچھتائیگی سخت پچھتائیگی

جہینون سی ہین جو لب یار دور ۔ تو دُودِ الم کا ہی دِل مین فور

تڑپ برق کی نالہ و آہ ہی ۔ تنک ابر مین چہرۂ ماہ ہے

کبھی اُسکو دم بھر بٹھایا نہیں | خیالِ رخ و لب بھلایا نہیں
یکایک مہینوں سی فرقت ہوئی | مصیبت ہوئی مجھپہ آفت ہوئی
الٰہی شبِ ہجر کی صبح ہو | کہوں مین کہ سینہ سی میری لگو
تپِ فرقتِ یار زائل ہوا | مری طرح دل اُسکا مائل ہوا
کوئی رنج زندان مین ایسا نہیں | جو اس بیسرو پا کو پہنچا نہیں
مگر دردِ فرقت ہی سبسے سوا | ہر اک غم دیا ہی اسی نے بھلا
یہہ گردابِ فرقت ہی زندان نہیں | یہہ وہ بحر ہی جسکا پایان نہیں
یہہ وہ غم ہی جس سی نہین بچتی جان | اسی غم سی لوٹی ہی لی ہین جوان
اسی غم نی پانی سا دل کر دیا | اسی غم نی کوہِ الم ڈھا دیا

مرا غنچۂ دل ہوا غم سے بند ‫ — ‬ چمن بنگیا داغونسی بند بند

دل زار ہرگز سنبھلتا نہین ‫ — ‬ وہ کوہِ گران ہی کہ ٹلتا نہین

جیتا ہی نہین جیسی بیمار ہم ‫ — ‬ کیا غم نی مجھکو ضعیف و نزار

وہ شامِ الم ہی سحر تک نہین ‫ — ‬ مری نامہ رو کی خبر تک نہین

ہر اک سمت پہرا ہر اک سمت یاس ‫ — ‬ رفیق و ملازم ہین خوف و ہراس

کبھی سر پہ رکھتا تہا مین کجکلاہ ‫ — ‬ او وہ کا کبھی مین ہی تہا بادشا

ملازم مِری تہی کبھی سو ہزار ‫ — ‬ مری حکم مین تہی پیادہ سوار

فقط ستّرہ سو تہی اہل قلم ‫ — ‬ طبیبونکو کر پانچسو تو رقم

فقط پندرہ سو تو تہی چوبدار ‫ — ‬ رعایا وغیرہ کا کیا ہی شمار

کروں ساٹھہ ستر محل گر شمار — تو ہو جائی پھر یک قلم آشکار

اب انمین پہہ مین پانچ چھہ بیبیان — جو کلکتہ مین ساتہہ آئین یہان

ہوئی قید سطح ہم بیگناہ — اسیروں مین ہون تمام ہی بادشاہ

زن و مرد اٹھارہ اور اک بچہ جان — شب و روز زندان مین ہین دل طپان

ہر اک اپنی جینی سی بیزار ہی — ہر اک قید غم مین گرفتار ہی

بہشتی جو آتا ہی اور خاکروب — وہ پہرہ کی شدت سی ہی سینہ کوب

جو جاروب دیتا ہی وہ سینہ سوز — تو گورا بھی ہمراہ آتا ہی ہر روز

بہشتی کا یہہ حال تحریر ہی — وہ جس طرح سی نقش تصویر ہی

کبھی روشنی والہ لائی جو تیل — تو دیتا ہی گورا اسی بھی دھکیل

اور اک ہرٹ صاحب خوش بیان
سحر شام ہوتی ہین جیلو کنان

وہ میجر ہین کرنیل کی پیش دست
وہ کرتی ہین زندان کا خود بند و بست

وہ گنتی ہین خود آکی شام و سحر
جو بیمار ہو لیتی ہین وہ خبر

ہی اک اور داروغہ زندان کا
کہ کالن ہی نام اُس نگہبان کا

ملازم کوئی ہوتا ہی جب علیل
تو ہوتا ہی اک ڈاکٹر بہی کفیل

جو ہوتا ہی راقم مرض کی قریب
ملازم مرا آتا ہی وہ طبیب

بیان پیشتر کر چکا جسکا حال
کہ بہاگا تہا زندان سی وہ بکمال

وہی آکی کرتا ہی میرا علاج
تو ہو جاتا ہی وبرہ کچہہ مزاج

وہ تکلیف ہی جس سی دل تنگ ہی
شب و روز زندان کا بدرنگ ہی

زبس ہی یہہ کوٹھی نہایت کلان
مگر میری کس کام کی ای جوان

ہر اک اسکا در بند ہے آہ آہ
نہ گرمی نہ گرمی کہ دل ہی تباہ

کہلی ہین جو در تو آید ہر دو ہوئے
یہہ ہی رنگ کوٹھی کا یہہ دو ہوئے

اس واسطی کی یہہ ہین دل شق ہین ہم
نہ اوپر نہ نیچی معلق ہین ہم

لکہی خط کئی لاٹ کو بہی رقم
ہوئی سرفراز ایک سی بہی نہ ہم

کسی خط کا لکہا نہ ہمکو جواب
خدا جانی کس امر پر ہی عتاب

منگاؤ نوشتہ جو منشی کی ہاتہہ
تو آتا ہی کرنیل صاحب کی ساتہہ

ذکر شاہزادگان و شاہزادیہا سلطان مظلوم اعنی شاہ اودہ راقم مثنوی ہذا کہ موسوم حزن اختر ہست و شمار و تعداد اولاد

ذکر اور اناث و ذکر صاحبان کہ زندہ اند و تذکرہ انان کہ وفات یافتند و ذکر سلطان شہید والد اکبر نوشیروان قدر مرزا محمد حیدر علی بہادر اسکنہ اللہ تعالیٰ فی فرادیس الجنان و ساقی نامہ

بدلتا ہے ساقی ہمارا مزاج
مے تیز کی ہے ہمیں احتیاج

دہن سے لگا ساغر نور کو
بغل میں بٹھا دے کسی حور کو

برنگ چمن آتش باغ ہو
زر گل کی جا درہم داغ ہو

گل اشرفی زر ہے گلچین کا
ہر اک سرو و گل ہو اسی آئین کا

ملے طفل غنچہ کو جب گوشمال
جو طوطی ہو گلشن میں ہو جائے لال

ہر اک تاک انگور زریں بنے
روش سے ہر اک خوش آئین بنے

جو ہو جامِ گل اور مینائی سرو
رہی باغبان کو تمنائی سرو

سرِ لالہ داغِ دلِ زار ہو
کفِ دستِ گلچین بھی ردار ہو

شرر ریز ہو ہر ہوائی چمن
دکھا داغِ سینہ بجائی چمن

گلستان کا عالم نظر مین نہ آئی
رخِ جور رنگ زنبق مین سمائی

جو خارِ چمن غم سے پامال ہون
نہالِ تمنا خوش اقبال ہون

کھینچے خنجرِ گل چمن مین اگر
تو ہو جائین برگِ درختان سپر

ثمر سے شجر کی ہے نام آوری
جو لی پھل مین انگور ہین تری

اثر تخم کو ہے خدائی دیا
یہہ جامہ کسی خوش قبائی دیا

لچکتا ہے جو ہے شجر باردار
بنا لی ثمر باغ مین مشعل دار

صدا عندلیبوں کی ہی باغ مین | کہ بلبل ہین ہی قمری و زاغ مین

جہان مین جو انسان ہین لا ولد | وہ ہین سرو آسا نہین خال و خد

نہین آن پہ فصل چمن بند دل | وہ ہین سبزہ زارون مین خوش و خجل

جو گل بی ثمر ہی وہ بیکار ہی | نہین جسکی اولاد وہ خار ہی

غرض مجہکو اس ابتدا سی تہی | کہ امید اپنی خدا سی یہہ ہی

مری نور چشمان سی پہر شہ صبا | تو آنکہون مین روشنی پہر کمال

بلائی خدا مجہکو اولاد سے | چہڑائی مجہی قید بیداد سے

جو بیٹی پسر میری تیرہ تہی سب | تہنین چہوڑ کر قید مین ہون اب

پسر آٹہ تہی پانچ تہین بیٹیان | کرون اب مین تفصیل انکی بیان

پسر تہا بڑا سب سے نوشیروان
کہ وہ لکہنؤ مین رہا تھا وہان

جو نوشیروان سے ملی لفظ قدر
عیان نام اُس مہ کا ہو مثل بدر

وہ بائیس کا تہا سن و سال مین
کلان تھا پسر میرا ہر حال مین

بحکم اللہ حق ہو گیا
وہ مجنون صفت تہا نہین شک ذرا

تمیز بد و نیک اُسکو نہ تہی
وہ گونگا بھی بہرا بھی تہا آدمی

جو کچھ تھا وہ تھا وہ مرا لال تھا
مرض صرع کا بھی تھا بیحال تھا

کرون شرح اب لطف اللہ کے
کہ شادی بھی کی مینی اُس ماہ کے

جو زوجہ ہی اُسکی وہ ہی شہر یار
بہو گر ملی اُسمین ہو لطف یار

بہو بعد اور پہلی ہی شہریار
وہ تہی ویسی شوہر پہ اپنی نثار

جنون مین بہی وہ اُسکا لقمان تہا | وہ تہا تنکی جان جانکی جان تہا
وہ تہا لکہنؤ مین حسن ایسا عمید | اُسی لکہنؤ مین ہوا وہ شہید

ذکر شاہزادۂ وارث سلطنت صاحب عالم ولیعہد کیوان قدر مرزا محمد حامد علی بہادر اطال اللہ عمرہ و زید اقبالہ

ملی لفظ کیوان اگر قدر سی | تو ہو نام روشن سوا بدر سی
ولیعہد ہی یہہ عمر انو نہال | یہی وارث مسند ہی خوش خصال
برس بیس کا سن ہی اُس ماہ کا | برا سخت ہوا اُسکی بدخواہ کا
وہ ہی علم صاحب ہنر ماہ ہی | وہ لیق ہی بارتبہ و جاہ ہی
صبیہ جو ہی میری ہمشیر کی | ہوا اُس سی عقد مہ و مشتری

ہوئی خبر کرو بادشہ سی بہو | تو ہو نام اُس ماہ کا ہو بہو

یہہ تہی لکھنؤ میں تو لندن میں وہ | پلا کرتی تہی میری اُس میں وہ

پہونچی سکی تہی جو حال سی آگہی | کہ ہی لکھنؤ میں یہہ رشکِ پری

یہہ دو نو پسر تہی محل خاص سی | اُسی ذی حشم سی تہی اخلاص سی

ذکر حالِ شاہزادہ سوم صاحب عالم فریدون قدر جرنیل صاحب مرزا محمد مہر علی بہادر طال عمرہٗ

کروں تیسری اب پسر کا بیان | وہ تہی شاہزادہ مری ساتہہ جہاں

فریدون سی گر ضم کرو لفظِ قدر | تو ہو نام اُسکا عیان رشکِ بدر

وہ ہی ستّرہ سال کا مہ لقا | خدا نے اُسی حسنِ ذاتی دیا

علی نقی ہی جہان میں با اقبال
کیا اُسکی جرأت نے اُسکا کمال

بڑا تو بہو سی فضیلت نکو رکھو
بیچارو اُسی نام سی خوار کو

بہو پر سیدھہ قدم ہو فرزند نکو گر
تو ہو نام پیدا اُسی ای حق سمیع

یہہ شہزادہ ہی ملکہ کا اُسی
الٰہی جہان میں سلامت رہی

یہہ ہی جو کہ گلی میں اب بھی دست قسم
مری قید سی ہی برنج عظیم

ذکر حال شہزادہ چہارم موسوم مرزا برجیس قدر بہادر طال عمرہ

جو وہ چوتھا شہزادہ ہی نیک در
اُسی لوگ کہتی ہین برجیس قدر

وہ چودہ برس کا ہی کچھ نیک نہین
کہون کیا کہ وہ ہی کہین کا نہین

بلاؤن جو حضرت سی لفظ محل
تو نام اُسکی ماں کا کہی بر محل

جو بگڑی تھی آگے سی انگریزی فوج | اسی کی گئی جیسی دریا کی موج
